Session 15th

No 117

Date 25/11/2014

Department Local Govts

تحریک التوا۔

اسمبلی کی کاروائی روک کر ایک اہم اور فوری اور مفاد عامہ کے مسئلے پر بحث کی اجازت دی جائے اور وہ یہ کہ
ریگی للمہ ماڈل ٹاؤن کا منصوبہ جو گزشتہ بیس سال سے زائد عرصہ پہلے شروع کیا گیا اور تا حال حکومتی عدم دلچسپی کی وجہ سے التوا کا
شکار ہے۔ جس سے نہ صرف خریداروں بلکہ اراضی مالکان کو بھی ذہنی قوفت میں رکھا گیا ہے۔ اور اب تو حالات دھرنے تک پہنچ
گئے ہیں۔ اخباری اطلاعات کے مطابق روزنامہ "مشرق" مورخہ 18-11-14 کو الحاج شاہ جی گل ایم این اے کے زیر
صدارت ریگی للمہ ماڈل ٹاؤن کی متنازعہ اراضی کے بارے میں اراضی مالکان نے ایک اجلاس منعقد کیا، (اخباری تراشہ لف ہے)
جس میں صوبائی حکومت کی عدم دلچسپی پر افسوس اور حکومت کے اخلاص پر شک کا اظہار کیا گیا ہے۔ اجلاس میں یہ بھی طے پایا کہ
اگر صوبائی حکومت مسئلہ کو 30 نومبر تک حل کرنے میں کامیاب نہ ہوئی تو وزیر اعلی ہاؤس کے سامنے مستقل بنیادوں پر دھرنا دیا
جائے گا۔ حکومت روزانہ نئے ماڈل ٹاؤنز بنانے کے نت نئے منصوبے بنا رہی ہے جبکہ گزشتہ بیس سالوں سے شروع کیا گیا منصوبہ
جوں کا توں پڑا ہوا ہے اور حکومت کی بار بار یقین دہانیوں کے باوجود کوئی عملی اقدامات سامنے نہیں آئے جس سے لوگوں میں
تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔

لہذا معمول کی کارروائی روک کر اس جاری منصوبے پر سیر حاصل بحث کی اجازت دی جائے۔

Sec PA
Please process

Yasmeen Pir Muhammad Khan

یاسمین پیر محمد خان

24/XI/2014

Dy. S III